تحریک تجدید طب

اور

پتھری گردہ ومثانہ

ڈپٹی سیکرٹری تحریک تجدید طب پاکستان

گولڈ میڈلسٹ

حکیم وہومیو ڈاکٹر شہزادہ سبطین الحسن لقب حکیم محمد

0300 7444904

گردوں میں پتھریاں کیسے بنتی ہیں

قوت حیات میں انحطاط کے باعث اعضائے بول کے اندر پتھریاں پیدا ہو جاتی ہیں مثانے کی پتھریاں پیشاب کے بھرپور (Saturated) محلول سے مخصوص مادوں کے الگ ہو جانے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں اور ان مادوں کی علیحدگی کی وجہ محض جسم انسانی میں نمکیات حیاتین اور اخلاط میں کمی بیشی سمجھی جاتی ہے گردے میں پتھری میں سب سے پہلے گردے کے اندر راس الحلمات میں سنگریزے بننے لگتے ہیں۔ پھر یہ حوض گردہ میں داخل ہو جاتے ہیں حوض گردہ میں پتھری پروان چڑھتی ہے کیونکہ مزید مادے اس ننھے سے سنگریزے پرتہ بہ تہ جمتے چلے جاتے ہیں۔ اور پتھری بڑھتی جاتی ہے۔

گردے کی پتھریاں عموماً فاسفیٹ آف کیلشیم۔ یورک ایسڈ یا اگزالیک ایسڈ اور اگزلیٹ آف لائم کے مختلف مادوں کے آمیزوں سے بنتی ہیں

یہاں جس مادے کی یعنی جس خلط یا پھر ایسے بھی کہہ سکتے ہیں کہ جس تحریک کی زیادتی ہوگئی وہ ہی پتھری بنے گئی

پتھری تاریخ کی نظر میں

انسان صدیوں سے پیشاب کی پتھریوں کے مرض میں مبتلا رہا ہے۔ مثانہ کی پتھریوں کے شواہد سات ہزار سال پرانی مصر کی حنوط شدہ لاشوں (ممیوں Mummies) سے بھی مل چکے ہیں اور شمالی امریکہ کے دو قسم کے برصغیر ایشیا کے باشندوں کے باقیات میں مثانے کی کاربونیٹ آف ٹائیٹ پتھریاں (Carbinate of Apatite Bladder Stones) جو کہ عضلاتی پتھریاں ہیں دریافت ہو چکی ہیں ان دونوں میں سے ایک قسم کے باشندے ڈیڑھ ہزار سال قبل مسیح کے لگ بھگ دینا میں آباد تھے اور دوسرے لوگ غالباً 1500ء کے دور میں ہو گزرے ہیں

کہتے ہیں کہ پیشاب کی پتھریوں کی عمل جراحی کے ذریعے نکالنے کا طریقہ پہلے وقتوں میں بھی رائج تھا اور باباطب حکیم بقراط(Hippocrates) نے پتھریاں خارج کرنے کے فن پر لکھا تھا کہ میں پتھریوں میں مبتلا مریضوں کی چیر پھاڑ خود ہرگز نہیں کروں گا بلکہ اس کام کے ماہرین کے حوالے کر دوں گا یہ ہی جراحی کا عمل جو حکماء اکرام ہی کرتے تھے بعد میں فرنگی طب نے اپنے نام کر لی اور حکماء اکرام کو اس عمل سے فارغ کر دیا

پتھری فاسفیٹ آف کیلسیم (اعصابی): پتھری فاسفیٹ آف کیلسیم کا علاج سے پہلے بہتر ہے اس کی علامات لکھ دی جائیں تا کہ ہر طبیب کے علم میں ہو

علامات: پیشاب مقدار میں زیادہ آنا کئی بار دن میں بغیر تکلیف کے پیشاب سفیدی مائل زرد یا بلکل سفید پانی کی طرح نبض سست گہری اور بطی

نسخہ پتھری فاسفیٹ آف کیلسیم (اعصابی): مصطگی رومی اصلی ۵تولہ لونگ ۵تولہ عقرقرحا اصلی ۵تولہ

تیاری: تینوں ادویات کو میدہ کی طرح باریک سفوف بنالیں بس تیار ہے پتھری فاسفیٹ آف کیلسیم (اعصابی)

خوراک: چار چار رتی دن میں تین بار ہمراہ قہوہ انجیر دار چینی

تحریک: عضلاتی غدی

فوائد: اعصابی پتھری قے دست دل کا بیٹھ جانا (ڈوبنا) اور ضعف باہ کیلئے بہترین ہے

پتھری یورک ایسڈ یا اگزالیک ایسڈ (عضلاتی): پتھری یورک یا اگزالیک ایسڈ (عضلاتی) کے علاج سے پہلے کچھ علامات لکھ رہا ہوں

علامات: بواسیر مادہ جسم میں زیادہ ہونا جسم چہرہ یا مقعد میں مسے ہونا آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے ہونا پتھریاں تعداد میں زیادہ ہونا پیشاب کا رنگ سرخ سفیدی مائل گاڑھا ہونا اور اس میں ارضی مادے کا اخراج پانا نبض مشرف اور رفتار تیز ہونا

نسخہ پتھری یورک یا اگزالیک ایسڈ (عضلاتی): سنگدانہ مرغ ۵تولہ نمک سنگ ۵تولہ سوڈا بائیکارب ۵تولہ

تیاری: تینوں ادویات کا باریک سفوف بنالیں بس تیار ہے پتھری یورک ایسڈ یا اگزالیک ایسڈ (عضلاتی)

خوراک: ایک ایک ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ جوشاندہ پتھری توڑ

تحریک: غدی اعصابی

فوائد: عضلاتی پتھروں کو تحلیل کرتی ہے اور خارج کرتی ہے اس کے علاوہ بد ہضمی ریاح معدہ اور ہرنیا کیلئے بے مثال دوا ہے

پتھری اگزلیٹ آف لائم (غدی): پتھری اگزلیٹ آف لائم (غدی) کے علاج سے پہلے چند علامات پیش خدمت ہیں

علامات: جلن پیشاب زردی مائل سرخ پیشاب قطرہ قطرہ آنا درد ٹیس کے ساتھ اماس چہرہ ہاتھ پاؤں پتھری خاردار نبض سست باریک اور قدرے گہری

نسخہ پتھری اگزلیٹ آف لائم: حجرالیہود ۲ تولہ قلمی شورہ ۳ تولہ آب ترب مقطر ۱۰ تولہ اپلے ۳۰ کلوگرام

تیاری: دونوں ادویات کو باریک کر کے مولی کے پانی سے کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور گل حکمت کر کے اپلوں کی آگ دیں اور سرد ہونے پر تمام دوا کو باریک کھرل کرلیں بس تیار ہے پتھری اگزلیٹ آف لائم

جوشاندہ پتھری توڑ: دال کلتھی ۱ تولہ سرپھوکہ ۱ تولہ

گوکھرو ۱ تولہ پانی ۳ کپ

تیاری: پہلی تینوں ادویات کو پانی میں ڈال کر جوش دیں آگ پر جب دو کپ پانی رہ جائے تو پن چھان لیں

خوراک: ایک کپ صبح اور ایک کپ شام

تحریک: غدی اعصابی

فوائد: پتھری گردہ مثانہ اور پتہ کیلئے بہترین جوشاندہ ہے

حکیم ڈاکٹر شہزادہ سبطین الحسن لقب حکیم محمد
ڈپٹی سیکرٹری تحریک تجدید طب پاکستان
0300-7444904